نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کا ملتان کا دورہ

صوبائی وزیرزراعت وزیراعلیٰ پنجاب ہائی پاور گرین ٹریکٹرز کی تقسیم کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شریک ہوئے اور گندم کی کاشت کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کی

پنجاب کے کاشتکاروں کو 10 ہزار ہائی پاور ٹریکٹرز سبسڈی پر فراہم کیے جا رہے ہیں، جن میں سے ملتان ڈویژن میں 1087 ٹریکٹرز کی فراہمی جاری ہے: سید عاشق حسین کرمانی

لاہور 14 نومبر 2025 (   ) زیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت گندم کی کاشت کے حوالے سے ملتان اور ڈیرہ غازی خان ڈویژن کا مشترکہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز احمد مگسی، کمشنر ملتان عامر کریم خان، ڈپٹی کمشنر ملتان وسیم حامد سندھو، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، کاشتکار سید حسن رضا، سردار جمیل الرحمٰن بزدار، محمد الیاس سمیت متعلقہ افسران شریک ہوئے جبکہ کمشنر ڈی جی خان ڈویژن چوہدری اشفاق احمد اور دونوں ڈویژنز کے ڈپٹی کمشنرز آن لائن شریک ہوئے۔

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر صوبے میں گندم کی کاشت کے مقررہ ہدف کے حصول کیلئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی بوائی کی موجودہ مہم نہایت حوصلہ افزا ہے اور تمام اسٹیک ہولڈرز فعال اور عملی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ گندم ملکی فوڈ سکیورٹی کیلئے ناگزیر ہے اور حکومت اس حوالے سے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے۔ بعد ازاں وزیرزراعت پنجاب ملتان میں ہائی پاور گرین ٹریکٹرز کی تقسیم کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ تقریب میں ممبر صوبائی اسمبلی سلمان نعیم، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خان بھی موجود تھے۔ وزیرزراعت پنجاب نے بتایا کہ پنجاب کے کاشتکاروں کو 10 ہزار ہائی پاور ٹریکٹرز سبسڈی پر فراہم کیے جا رہے ہیں، جن میں سے ملتان ڈویژن میں 1087 ٹریکٹرز کی فراہمی جاری ہے۔ وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ رواں سیزن گندم کی کاشت کا صوبائی ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر ہے جبکہ سرکاری رقبوں پر 100 فیصد گندم کی کاشت کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ کسان کارڈ کے تحت اب تک 6 لاکھ سے زائد کاشتکاروں کو 90 ارب روپے سے زائد بلاسود قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسان کارڈ ہولڈرز اپنی واجب الادا رقم جمع کروانے پر صرف 24 گھنٹوں کے اندر دوبارہ قرض کے اہل ہو جاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت صوبے میں زراعت کے شعبے کو جدید خطوط پر حقیقی معنوں میں ٹرانسفارم کیا جا رہا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے ضلعی انتظامیہ کے بھرپور تعاون کو بھی سراہا۔ اس موقع پر کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خان نے بتایا کہ ملتان ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 17 لاکھ 76 ہزار ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔

زراعت نے ہدایت کی کہ ماڈل ایگریکلچر مال کو جلد از جلد مکمل طور پر فعال کیا جائے۔ بعد ازاں وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب نے کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیر زراعت نے ہدایت کی کہ کپاس پر تحقیق کے عمل میں تیزی لائی جائے اور سائنسدانوں کو ہدف دیا کہ کلائمیٹ سمارٹ اقسام کی دریافت کو ترجیح دی جائے تاکہ کپاس کی پیداوار میں استحکام آسکے۔

☆☆☆☆